امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور عمل بالحدیث

تیسری صدی ہجری کے معروف محدث امام ابو بکر ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی عظیم الشان کتاب ''مصنف ابن ابی شیبہ'' کے ایک مستقل باب میں ایک سو پچیس ایسے مسائل کا ذکر کیا ہے جن میں ان کے بقول امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف فتویٰ دیا ہے۔

''مصنف ابن ابی شیبہ'' کے اس باب میں مذکور اعتراضات کے جواب میں متعدد اہل علم نے مختلف ادوار میں قلم اٹھایا ہے اور اس امر کی دلائل کے ساتھ وضاحت کی ہے کہ ان مسائل میں امام ابو حنیفہؒ نے احادیث رسولؐ کی مخالفت نہیں کی بلکہ ان کے موقف کی بنیاد بھی بعض دوسری احادیث رسولؐ پر ہے جنہیں وہ اپنے اصول اجتہاد کے مطابق ترجیح دے رہے ہیں۔ اس امر کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ اردو میں عام فہم انداز میں ان مسائل پر حضرت امام ابو حنیفہؒ کے موقف اور دلائل کی وضاحت کر دی جائے تاکہ امام صاحبؒ پر حدیث رسولؐ کی مخالفت کے بے جا الزام کی صفائی کے ساتھ ساتھ عام پڑھے لکھے حضرات بھی امام صاحبؒ کے اسلوب اجتہاد سے آگاہ ہو سکیں۔ چنانچہ اسی ضرورت کے پیش نظر عزیزم حافظ محمد عمار خان ناصر سلمہ مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور حافظ ابو بکر ابن ابی شیبہؒ کے ذکر کردہ ایک سو پچیس مسائل کا ترتیب وار ذکر کر کے ان کے بارے میں امام ابو حنیفہؒ کے موقف اور دلائل کو عام فہم انداز میں واضح کر دیا ہے جس سے امام ابو حنیفہؒ کے طرز اجتہاد اور روایت و درایت کے حوالہ سے فقہ حنفی کی خصوصیات کا بھی ایک حد تک اندازہ ہو جاتا ہے۔

صفحات ۳۱۲' کتابت و طباعت عمدہ' قیمت ۷۵ روپے' ناشر: ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم' فاروق گنج' گوجرانوالہ

خطبات ختم نبوت (جلد اول)

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی راہنما مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی نے مسئلہ ختم نبوت پر اکابر علماء امت کے خطبات کو جمع کرنے کا بیڑہ اٹھایا ہے اور یہ اس کی پہلی جلد ہے جس میں امیر شریعت حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری' حضرت مولانا احمد علی لاہوری' حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری' حضرت مولانا مفتی محمود' حضرت مولانا مفتی محمد شفیع' حضرت مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی' حضرت مولانا قاری محمد طیب' حضرت مولانا محمد علی جالندھری' حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہم اللہ اور دیگر اکابر کے خطبات شامل ہیں۔

صفحات ۳۸۳' کتابت و طباعت معیاری' قیمت ۱۵۰ روپے' ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت' حضوری باغ روڈ ملتان